27/04/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لےکر میں بصارت گل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ لیفٹیننٹ گورنر کا سماج کے سبھی طبقوں پر منشیات کے خلاف جنگ میں کلیدی رول ادا کرنے پر زور ۔

*........ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پولیس کی الگ الگ کاروائیوں میں 16 سمگلر گرفتار // قریب ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کے اثاثے ضبط

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ہاتھوں GCET جموں میں سکول آف Architecture کی عمارت کا افتتاح ۔

اور

*........ مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان کل سرینگر سے DAY-NRLM کے تحت 24 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لئے 4 ہزار 568 کروڑ روپے کریں گے واگزار ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے جموں کشمیر کے نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کے لئے اپنے عزم کو دہراتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بدعت ہمارے سماجی تانے بانے کو بری طرح متاثر کر رہی ہے ۔ آج ادھمپور میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت منعقدہ پد یاترا اور Bike ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد ایل جی نے کہا کہ سماج کے ہر فرد کو منشیات کے خلاف جنگ میں اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے ۔

انہوں نے کہا کہ لوگوں کے اشتراک سے سماج کو اِس بدعت سے چھُٹکارا دلایا جائے گا اور اس جنگ کو ہم جیتنے میں کامیاب ہو جائیں گے ۔

------LG ----

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیںلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG-----

نوجوانوں کو اس بری عادت سے دور رکھنے کیلئے درکا اقدامات کے بار ے میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول کانجی اُلر شوپیان کے ایک لیکچرر گلزار احمد راتھر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

----Gulzar----

کشمیر پولیس

جموں کشمیر پولیس نے آج نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت یوٹی کے مختلف علاقوں میں اپنی کاروائیاں جاری رکھتے ہوئے 16 سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف باضابطہ کاروائی کا آغاز کیا ہے ۔

اس دوران مختلف علاقونمیں ڈرگ سمگلروں کے مالی اثاثوں کو بھی قرق کیا گیا ۔ آج مجموعی طور پر ایک کروڑ 46 لاکھ روپے کی جائیداد سربہ مہر کر دی گئی ۔

تفصیلات کے مطابق پولیس نے پوشناری چکلی پورہ چھتر گل اننت ناگ کے فاروق احمد خان نامی ڈرگ سمگلر کی ایک آلٹو گاڑی کو اٹیچ کر دیا ہے جبکہ اونتی پورہ کے کئی علاقوں میں منشیات فرشوں کے خلاف چھاپہ مارکاروائیاں عمل میں لائیں ۔

شوپیان پولیس نے بھی آج اپنی کاروائی کو تیز کرتے ہوئے ضلعے کے کئی علاقوں میں خشخاش کی کاشت کو تباہ کر کے قصورواروں کے خلاف تین FIR درج کئے ۔

جموں پولیس

پولیس نے سرنکوٹ پونچھ میں ایک ڈرگ سمگلر کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے ۔

ہیرا نگر اور بسوہلی کٹھوعہ میں پولیس نے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

کے دو معاملات کے تحت 73 لاکھ NDPS نشہ مکت ابھیان کے تحت پولیس نے ادھمپور میں روپے کی جائیداد اٹیچ کی ۔

مجالٹا ادھمپور میں Amara Nikki پولیس کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ سیف علی نامی منشیات فروش کی 65 لاکھ روپے کی جائیداد کو اٹیچ کیا گیا ہے ۔

چرالا ڈوڈہ کے دانش بٹ نامی ڈرگ سمگلر کی 8 Butpora اسی طرح کی ایک اور کاروائی میں لاکھ روپے کی گاڑی کو ضبط کیا گیا ہے ۔

کٹھوعہ پولیس نے نشہ مکت ابھیان کے تحت ضلعے میں متعدد بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

ڈوڈہ میں بیداری پروگرام کا انعقاد کیا جس میں سماج کے مختلف Assar اسی طرح پولیس نے طبقوں کے لوگوں نے شرکت کی ۔

میٹنگ کا انعقاد کیا ۔ PCPG ایس ایس پی ڈوڈہ نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت

پولیس نے ڈوڈہ میں تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے جن میں دو خاتون بھی شامل ہیں ۔

موبائل فون اور Android اس دوران پولیس نے وہاں 23 لاکھ 12 ہزار 160 روپے نقدی ، 24 کافی تعداد میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

پولیس نے ریاسی میں دو ڈرگ سمگلروں کو نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے۔

سرینگر ابھیان

دریں اثناءسرینگر کے ڈپٹی کمشنر اکشے لابرو اور سرینگر کے ایس ایس پی ڈاکٹر سندیپ چکرورتی نے آج ایک میٹنگ کے دوران سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت عملائی جا رہی سرگرمیوں کا جائزہ لیا ۔

درج کئے اور 39 افراد کو FIR اس موقعہ پر بتایا گیا کہ پولیس نے ابھیان کے تحت اب تک 26 گرفتار کیا ۔

بزم ادب

بزم ادب ترال نے اس بات کا عزم کیا ہے کہ جموں وکشمیرمیں جاری سو روزہ منشیات مخالف مہم میں وہ اپنے قلم اور کلام سے نوجوان نسل کو اس بدعت سے نجات دلانے میں پیش پیش رہے گی۔

اس سلسلے میں ترال کے ایک دور افتادہ علاقے بگمڈمیں ایک مشاعرے میں علاقے سے تعلق رکھنے والے 2درجن سے زائد شعرا ءنے اپنا کلام پیش کیابزم ادب کے کچھ زعماءنے اس موقعہ پر کہا ۔

------Bazm e adab -----

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ سرکار تکنیکی تعلیم کے شعبے کو بھی اولین ترجیح دے رہی ہے کیونکہ اس کی بدولت بھی سماج اور اقوام کی تعمیر مضبوط بن جاتی ہے ۔ وہ آج GCET جموں میں سکول آف Architecture کی عمارت کا افتتاح کر رہے تھے جو جموں کشمیر میں تکنیکی تعلیم کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کی سمت میں ایک اہم پیش رفت مانی جا رہی ہے ۔

-----(college)CM 1------

کے اشتراک سے منعقدہ گیارہویں قومی کانفرنس اور نمائش IIT Kharagpur وزیر اعلیٰ نے وہاں کا بھی افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور ایم ایل اے نگروٹہ دیو یانی رانا بھی موجود تھیں ۔ اس دوران وزیر اعلیٰ نے میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ جموں اور سرینگر کے درمیان چلنے والی ریل گاڑی سے سیاحتی منظر نامے کو دوام حاصل ہو گا ۔

------(rail) CM------

ملاقات

GOC لیفٹنٹ جنرل پرشانت سریواستوا اور نامزد GOC اسی دوران سرینگر میں 15 ویں کور کے لیفٹنٹ جنرل بلبیر سنگھ نے جموں میں وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی ۔

سنہا اکھنور

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مَڈ اور جوریاں اکھنور میں جدید طرز کے انڈور سپورٹس سٹیڈیم کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی

قیادت میں جموں کشمیر کھیل سرگرمیوں کے پاور ہاوس کے طور پر ابھر کر سامنے آ رہا ہے اور اب جموں کشمیر کے تمام علاقوں میں نوجوانوں کو کھیل کود کی اعلیٰ سہولیات دستیاب کرائی جس رہی ہیں ۔ اس موقعہ پر انہوں نے سماج کے سبھی طبقوں بالخصوص نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کو کامیاب بنانے میں اپنا رول ادا کریں ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری کی صدارت میں آج جموں میں سب کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں جموں کشمیر میں غیر ممکن Khads جاری کرنے کے عمل کا جائزہ لیا گیا ۔ اس موقعہ پر نائب وزیر اعلیٰ نے زون سطح کی میپنگ کا کام معیاد بند مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایات دیں ۔

ایل جی عیادت

لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے آج گورنمنٹ میڈیکل کالج ادھمپور کا دورہ کر کے وہاں بیس اپریل کو رام نگر ادھمپور میں ایک سڑک حادثے کے دوران زخمی ہوئے افراد کی عیادت کی ۔ انہوں نے اسپتال انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات دستیاب کرائیں تاکہ وہ جلد از جلد صحتیاب ہو سکیں ۔

لیفٹیننٹ گورنر ملاقات

جموں BJP متعدد شخصیات نے آج لوک بھون جموں میں ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ و کشمیر کے ترجمان گورو گپتا آج جموں میں ایل جی سے ملاقی ہوئے ۔ جموں کشمیر اینڈ لداخ بنک کے زونل ہیڈ سندیپ شرما نے بھی ایل جی سے ملاقات کی ۔ ICICI کے لئے

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

-----Gong-----

بال پرسکار

پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار 2026 کے تحت پانچ سے 18 برس کی عمر کے بچوں کے لئے نامزدگیاں کھل گئی ہیں۔ اس تعلق سے 31 جولائی تک نامزدگیاں نیشنل ایوارڈس پورٹل پر پیش کی جا سکتی ہیں ۔

پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار ایک نمایاں قومی ایوارڈ ہے جو ہر سال صدر جمہوریہ کی طرف سے اُن بچوں کو دیا جا تا ہے جو مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں ۔

شو راج سنگھ چوہان

سرینگر میں پردھان SKICC زراعت اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیرشو راج سنگھ چوہان کل کی طرف PIB منتری گرام سڑک یوجنا کے پانچویں مرحلے کے دوسرے بیچ کا آغاز کریں گے ۔ وزیر اعلیٰ Approval Letter سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ مرکزی وزیر اس کا کے تحت 24 ریاستوں اور DAY-NRLM عمر عبداللہ کو سونپیں گے ۔ اس کے علاوہ مرکزی وزیر مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لئے 4 ہزار 568 کروڑ روپے بھی واگزار کریں گے ۔

جاوید احمد ڈار

شعبے کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے کہا Veterinary زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے ہے کہ اس شعبے سے کافی تعداد میں بے روزگار نوجوانوں کو روزگار حاصل ہوتا ہے اور موجودہ حکومت اس سیکٹر کو فروغ دینے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔

ڈاکٹرس ایسو سی ایشن جموں کی طرف سے منعقدہ Veterinary وہ جموں میں آج جموں کشمیر ایک کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے ۔

ویک Immunization

سے متعلق ہفتہ منایا جا رہا ہے۔ اس کا مقصد مختلف Immunization دنیا بھر میں 30اپریل تک بیماریوں میں انسانی جانوں کے بچاؤمیں کےلئے ٹیکہ کا ری کی اہمیت اُجاگر کرنا ہے۔

اس تعلق سے ڈائریکٹوریٹ آف فیملی ویلفیر جمونوکشمیر میں سٹیٹ ایمونائزیشن آفیسر ڈاکٹر شاہد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

-Dr. Shahid Hussain--

ACB

سرکل گاندربل کے اس وقت کے کمپیوٹر آپریٹر رفیق R&B اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر نے احمد شیخ کے خلاف رشوت خوری کے ایک معاملے میں ایڈیشنل سپیشل جج اینٹی کورپشن کورٹ سرینگر میں چارج شیٹ داخل کی ہے ۔

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہنے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی نا گزیر ہے اور مرکز کو اس سلسلے میں اپنا وعدہ پورا کرنا چاہئے۔

بڈگام میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دفعہ 370 کی بحالی نیشنل کانفرنس کا بنیادی ایجنڈا ہے ۔

محبوبہ مفتی

پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ شوپیان میں ایک معروف دار کے تحت ایک غیر قانونی ادارہ قرار دینا سماج کے پچھڑے طبقوں کے ساتھ UAPA العلوم کو بقول ان کے سراسر نا انصافی ہے ۔ آکاشوانی نیوز روم کو جاری کئے گئے دو الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹوں میں محبوبہ مفتی نے کہا کہ جموں کشمیر حکومت کو متذکرہ دار العلوم کے رول کو مدِ نظر رکھنا چاہئے ۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ دار العلوم طالب علموں کے لئے معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لئے ایک اہم ادارے کی حیثیت سے کام کرتا رہا ہے جہاں سے کئی ڈاکٹروں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی کے ماہرین نے جنم لیا ہے ۔

jdu

سرینگر میں آج جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین کی صدارت میں سٹیٹ ایگزیکیوٹیو کونسل کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں جموں کشمیر کے سیاسی منظر نامے کا جائزہ لیا گیا ۔ جی ایم شاہین نے کارکنوں اور پارٹی لیڈروں پر زور دیا کہ وہ آنے والے پنچایتی انتخابات کے لئے تیار رہیں ۔

عرس

نیشنل کانفرنس کے صدر نے میر واعظ کشمیر مولانا احمد اللہ ہمدانی صاحب کو ان کے 89 ویں یوم وسال پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ان کے یوم وسال کے سلسلے میں آج سرینگر کے تاریخی خانقاہِ معلی میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے بلند پایہ ولی کامل حضرت سید حسن منطقی ؒ کے عرس کے سلسلے میں ضروری انتظامات کرنے کی اپیل کی ہے ۔

مارتنڈ تیرتھ ٹرسٹ

مٹن میں ایک پریس کانفرنس کے Sun Temple مارتنڈ تیرتھ ٹرسٹ کے ارکان نے آج مارتنڈ کُمبھ 17 مئی سے 16 جون تک Malmas دوران جانکاری دی کہ قدیم مارتنڈ تیرتھ استھاپن میں منایا جا رہا ہے ۔

ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ ٹرسٹ کے صدر اشوک سِدھا نے کشمیری پنڈت برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ ان ایک ماہ طویل تقریبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ۔

بھارت نیو زی لینڈ

پر با ضابطہ طور FTA بھارت اور نیو زی لینڈ نے آج نئی دلی میں آزادانہ تجارت معاہدے یعنی دستخط کئے ۔ یہ دستخط صنعت و حرفت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل اور نیو زی لینڈ کے کی موجودگی میں کئے گئے ۔ا س معاہدے Todd McClaw تجارت اور سرمایہ کاری کے وزیر کی بدولت دونوں ملکوں کے درمیان مختلف شعبوں میں تجارت آسان ہو گا اور نئے مواقعے پیدا ہوں گے ۔

راجیہ سبھا

راجیہ سبھا میں بی جے پی کے ارکان کی کل تعداد 113 ہو گئی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو نے جانکاری دی کہ راجیہ سبھا کے چیر مین سی میں انضمام کو منظوری دی ہے ۔ BJP پی رادھا کرشنن نے عام آدمی پارٹی کے ساتھ ممبروں کا انہوں نے مزید کہا کہ راجیہ سبھا میں عام آدمی پارٹی ارکان کی تعداد اب گھٹ کر تین رہ گئی ہے ۔

چناو

---

مہم ۂ

مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کیلئے
چناو

---

مہم آج شام ختم ہو جائے گی۔ اس مرحلے کے تحت 142 حلقوں میں، اس ماہ کی 29 تاریخ کو ۂ ووٹ ڈالے جائیں گے۔ آج بھی مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں نے جگہ جگہ پر چناو جلسوں اور ریلیوں کا انعقاد کر کے رائے دہندگان کو اپنی جانب راغب کرنے کی جی توڑ کوشش کی ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 45منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر12منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔